ہیڈلائنز

*....راجوری اور پونچھ اضلاع میں شدید بارشوں کے بعد چٹانیں کھسکنے اور اچانک طغیانی آنے کے نتیجے میں 11افراد ازجان ،متعدد لاپتہ۔

*....لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا راجوری اور پونچھ میں ہوئی اموات پر اظہار افسوس//مرکز کا یوٹی کو مکمل تعاون کی یقین دہانی۔

*....ہماری روحانی روایت ذات پات اور رسم ورواج کے تفرق سے بالاتر//ایل جی کا بارہ مولہ میں مہایگیہ دھرما سمیلن میں اظہار خیال۔

اور

*....پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس سے قبل بچاو وزیر راجناتھ سنگھ کی صدارت میں آل پارٹی اجلاس منعقد//اپوزیشن پارٹیوں کو اجلاس خوش اسلوبی کے ساتھ چلانے کیلئے تعاون کی اپیل//کرن رجیجو۔

بارش

راجوری اور پونچھ ضلعے میں آج صبح سویرے موسلا دھار بارش کے بعد چٹانوں کے ٹکڑے گرنے اور اچانک سیلاب آنے سے تین خواتین سمیت کم سے کم 11افرادکی موت ہوئی جبکہ کئی لوگ لاپتہ بتائے گئے ہیں۔حکام نے پھنسے ہوئے لوگوں تک پہنچنے کیلئے امدادی کاروائی تیز کردی ہے۔پونچھ کے نون آبادی گاؤں میں ایک مکان کے گرنے سے ایک خاتون کی موت ہوگئی ۔ان کے شوہر اور تین بچوں کو بچالیاگیا جنہیں اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔سنگلانی سرنکوٹ میں ایک مکان ڈہہ جانے کے نتیجے میں 22سالہ ایک نوجوان از جان جبکہ مرہوٹ گاؤں میں ایک کمسن بچی ندی میں بہہ گئی پُل کے نزدیک ایک نامعلوم خاتون کی لاش برآمد کی گئی Dhundak Lathoong ہے۔سرنکوٹ کے ہے۔مقامی انتظامیہ ، پولیس ، این ڈی آر ایفاور دیگر بچاو ٹیمیں امدادی کاروائیوں میں مصروف ہیں۔پولیس نے عوام کو دریاؤں کے کناروں اور نشیبی علاقوں سے فوری طور پر محفوظ مقامات کی طرف منتقل ہونے کی اپیل کی ہے۔لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے لگاتار بارش اور اچانک سیلاب آنے کے تناظر میں راجوری اور پونچھ میں بچاو اور امدادی کاروائی میں سرعت لانے کی ہدایت دی ہے۔

ایل جی نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ پرسکون رہیں اور سرکاری ذرائع سے حاصل ہونے والی تازہ جانکاری پر عمل کریں۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی پونچھ میں اچانک سیلاب آنے سے جانوں کے زیاں پردکھ کا اظہا رکیاہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہاہے کہ وہ مقامی ممبران اسمبلی اور انتظامیہ کے دیگر افسران کے ساتھ رابطے میں ہیں۔انہوں نے کہا کہ متاثرین کیلئے راحت رسانی اور قیمتی جانوں کا تحفظ سرکار کی اولین ترجیح ہے۔

راجوری

جیساکہ پہلے ہی خبر دی جاچکی ہے کہ لگاتار بارشونکے بعد راجوری قصبے میںآج صبح اچانک سیلاب آگیاکئی نچلے علاقوں میں پانی بھر جانے کے تناظر میں سینکڑوں لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل ہونا پڑاہے ۔دریاؤں کے کناروں میں شگاف پڑ گئے ہیں اور دریاؤں کا پانی کناروں سے باہر بہنے کی وجہ سے درجنوں موٹر گاڑیاں یا تو پانی میں بہہ گئیں یا زیر آب آگئی ہیں۔سرکاری اور پرائیویٹ املاک کو کافی نقصان پہنچاہے۔ضلع انتظامیہ اور پولیس کی معاونت سے بچاو اور امدادی ٹیموں نے متاثرہ کنبوں کو محفوظ مقامات تک پہنچایاہے۔

امت شاہ

ادھر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے یوٹی کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کرتے ہوئے راجوری اور پونچھ میں بارشوں کے بعد آئے سیلابی صورتحال کا جائزہ لیا۔انہوں نے متاثرہ افراد کی ہرممکن مدد اور مرکزی سرکار کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

یاترامعطل

خراب موسمی صورتحال کے پیش نظر سالانہ شری امر ناتھ جی یاتر آج دونوں روایتی راستوں باتل اور پہلگام سے عارضی طور پرامعطل ہے۔ صوبائی کمشنر جموں رمیش کمار نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ یاترا کے راستے پر خراب موسمی صورتحال کے تناظر میں یاتریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے احتیاطی اقدام کے طور پر لیا گیاہے۔ یاتریونسے کہا گیا ہے کہ وہ جموں، اودھمپور اور رام بن میں اپنے مقررہ قیام گاہوں پر ہی رہیں اور حکام کی جانب سے مزیدہدایات کا انتظار کریں۔واضح رہے سنیچر کی شام تک پونے4لاکھ کے قریب یاتریوں نے پوتر گپھاپر حاضری دیکر شیولنگم کے درشن کئے۔

کنٹرول روم

کٹڑہ اورتریکوٹہ ہلز میں خراب موسم کے مدنظر شری ماتا ویشنو دیوی یاترا اب بھی معطل ہے ۔ناموافق موسم کے تناظر میں شردھالوؤں کی سلامتی کو یقینی بنانے کی خاطر احتیاطی اقدام کے طور پر یاترا عارضی طور پر روک دی گئی ہے۔یاتریوں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ یاترا دوبارہ شروع ہونے کے تعلق سے سرکاری وسیلوں کے توسط سے تازہ جانکاری حاصل کرتے رہیں۔اسی دوران کٹڑہ کی سب ڈویژنل انتظامیہ نے بارش کے موسم کے دوران تیزی کے ساتھ کاروائی کرنے اور بہتر تال میل کے ساتھ دن رات کام کرنے والا ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے۔عوام کنٹرول روم سے رجوع کرکے ایمرجنسی صورتحال کی اطلاع دے سکتے ہیں یا مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

کنٹرول روم کا نمبر ہے 01991-295681

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے پونچھ اور راجوری میں موسلا دھار بارشوں اور بادل پھٹنے سے ہوئی لینڈ سلائیڈنگ اور سیلابی ریلوں کے نتیجے میں ہوئے جانی اور مالی نقصان پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے سرکار سے اپیل کی ہے کہ نقصان کا تخمینہ لگاکر متاثرین کو بھر پور مالی امداد فراہم کی جائے۔انہوں نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ جولوگ اس آفت کی وجہ سے بے گھر ہوئے ہیں یا پھر جن کے گھر ناقابل رہائش ہوگئے ہیں ان کے قیام و طعام کا بندوبست جنگی بنیادوں پر کیا جانا چاہئے۔

تاریگامی

کولگام محمد یوسف تاریگامی نے بھی پونچھ اور راجوری میں موسلا دھار بارشوں اور بادل پھٹنے MLA کے نتیجے میں ہوئے انسانی جانوں کے زیاں پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ انہوںنے ان سرحدی اضلاع میں پیشگی وارننگ دینے کو نظام کو مستحکم کرنے ، پانی کی نکاسی کے نیٹ ورک کو بہتر بنانے اور دریاؤں کے پشتوں کو مضبوط کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر احتیاطی اقدامات پر زور دیاہے۔

اننت ناگ

ادھراننت ناگ ، شوپیاں ،بانڈی پورہ کے ضلع ترقیاتی کمشنروں نے بھی یوم آزادی تقریبات کو شاندار انداز میں منعقد کرنے کی غرض سے اعلیٰ سطحی میٹنگو ں کی صدارت کر کے تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ادھر بجبہاڑہ کے ہٹی گام میں تیز بارشوں کے بعد آئے اچانک سیلاب کی وجہ سے دُدی کنال کو زبردست نقصان پہنچاہے جس سے علاقے کی ہزاروں کنال کی زرعی زمین آبپاشی سے متاثر ہوئی ہے۔ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کی سربراہی میں متعلقہ افسران کی ایک ٹیم کومتاثرہ جگہ کا معائنہ کرنے کے بعد فوری طور پر بحالی کے کام کو شروع کرنے کی ہدایت دی ہے۔

ایڈوائزری

مختلف اضلاع میں ضلع انتظامیہ نے لوگوں کو احتیاط برتنے کیلئے ایڈوائزری جاری کی ہے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے کنٹرول روم قائم کئے گئے ہیں۔حکام نے لوگونسے کہاہے کہ وہ ان علاقوں میں جہاں چٹانیں کھسکنے اور سیلابی ریلوں کا خطرہ لاحق رہتاہے،اپنی نقل و حمل کو محدود رکھیں۔

CM

اسی بیچ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج شام سول سیکرٹریٹ جموں میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے موسلادھار بارشوںسے پیداشدہ صورتحال اور متعلقہ محکموں کی طرف سے حالات کا مقابلہ کرنے کیلئے کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

ایل جی شرکت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے کہا ہے کہ ہماری روحانی روایت زبان ، علاقے ، ذات پات اور رسم ورواج کے تفریق سے بالا ترہے اور بھارت ایسی سرزمین کی علامت ہے جہاں تمام مذاہب فروغ پارہے ہیں۔ان باتوں کا اظہار ایل جی نے بارہ مولہ میں منعقدہ مہا یگیہ دھرما سمیلن میں شرکت کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں جہاں تمام مذاہت کا احترام کیا جاتاہے ، یہ مہایگیہ ہمارے روحانی ورثے میں نئی روح پھونک رہاہے جس نے جموں وکشمیر کو دنیا میں ایک منفرد اور نمایاں شناخت بخشی ہے۔

مزید تفصیلات ہمارے نمائندے کی اس رپورٹ میں۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس سے قبل آج وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی صدارت میں آل پارٹی اجلاس منعقد کیاگیاپارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو اور راجیہ سبھا میں ایوان کے لیڈر جے پی نڈّانے بھی اس اجلاس میں شرکت کی۔ کرن رجیجو نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ حکمران پارٹی اور اپوزیشن دونوں طرف کے ارکان قانون سازی کے کام کاج میں تعمیری انداز سے حصہ لیں گے۔

-----Rijiju----

ادھر میٹنگ شروع ہونے کے فوراً بعد اپوزیشن پارٹیوں نے شروع میں میٹنگ سے واک آوٹ کیا۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے ترنمول کانگریس کی رکن پارلیمنٹ مہوا مونترا نے کہا کہ کانگریس ، سماج وادی پارٹی ، ڈی ایم کے ،جھارکھنڈ مکتی مورچہ ،ترنمول کانگریس اور عام آدمی پارٹی سمیت پوری اپوزیشن پارٹیوں نے احتجاج میں میٹنگ سے واک آوٹ کیا۔انہوں نے الزام لگایا کہ آج کی میٹنگ میں تسلیم شدہ پارلیمانی جماعت نہیں ہے۔البتہ اپنا NCPI شرکت کرنے والی نیشنلسٹ سٹیزن پارٹی آف انڈیا احتجاج ظاہر کرنے کے بعد اپوزیشن کے ارکان نے میٹنگ مینشرکت کی۔واضح رہے کہ پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس کل سے شروع ہورہاہے جو 13اگست جاری رہے گا۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنرکشمیر انشل گرگ نے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران یومِ آزادی کی تقریبات کے انتظامات اور تیاریونکا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنروناورآئی جی پی کشمیرکے علاوہ سبھی محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔میٹنگ میں تقریبات کے بہتر انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے پیشگی منصوبہ بندی، بین محکمہ جاتی تال میل پر زور دیاگیاڈویژنل کمشنر نے مرکزی تقریب کے انعقاد کیلئے مختلف محکموں کو ذمہ داریاں تفویض کیں۔اس موقعے پرڈپٹی کمشنروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے اپنے اضلاع مینیوم آزادی کی تقریبات کے احسن انعقاد کے لئے مربوط اور جامع انتظامات کریں۔

BJP

قانون ساز اسمبلی میں اپوزیشن کے لیڈر سنیل شرما نے کہا ہے کہ ان کی پارٹی بی جے پی نے پونچھ اور راجوری اضلاع میں سخت بارشوں کے نتیجے میں ہوئے جانی و مالی نقصان کے پیش نظر کل مجوزہ احتجاجی پروگرام ملتوی کردیا ہے۔سرینگر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارٹی نے کل کا احتجاجی پروگرام موخر کیا ہے کیونکہ موجودہ صورتحال سیاسی سرگرمیوں کے بجائے انسانی ہمدردی کا تقاضاکرتی ہے۔انہوننے تمام سیاسی پارٹیوں سے یک جٹ ہوکر متاثرہ لوگوں کی امداد کرنے کیلئے کہا ۔پریس کانفرنس کے دوران MLA شیام لال شرما اور بی جے پی کے سٹیٹ نائب صدر شہناز گنائی کے علاوہ دیگر کئی سینئر رہنما بھی موجودتھے۔

منشیات

منشیات کے کاروبار میں ملوث افراد پر شکنجہ کسنے کی کاروائی کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے اننت ناگ اور اونتی پورہ میں تین منشیات سمگلروں کو گرفتارکیاہے۔پولیس نے اچھہ بل میں ایک ناکے Doodhnaad کے دوران تلونی کے زبیر مجید لون نامی شخص کو گانجا پاوڈر سمیت دھر لیا جبکہ بجبہاڑہ میں واقعے کے دوران واگہامہ کے عمران نذیر داس کوگرفتار کیا جبکہ اس کا دوسرا ساتھی ارشاد احمد داس فرار ہونے میں کامیاب ہوا۔گرفتار شدہ شخص کے قبضے سے 7کلو پوست ہائے کھشکھاش برآمد کیا گیا۔ادھر پولیس نے مُن پورہ کھریوکراسنگ پرچیکنگ کے دوران کھنموہ سرینگر کے ثاقب بشیر بٹ نامی ایک شخص کو ہیروئن نما اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے۔

مشاعرہ

باباریشی ٹنگمرگ میں آج بہار ادب تلگام پٹن نے جموں وکشمیر کلچرل اکیڈمی کے اشتراک سے ایک محفل مشاعرے کا انعقاد کیا۔مشاعرے کی صدارت معروف ادیب اور شاعر شاد دردپوری نے کی۔اس موقعے پرادبی مرکزکمرازکے جنرل سیکرٹری شبنم تلگامی بھی موجود تھے۔

صدر

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو تین ملکوں North Macedonia، Moldova اور رومانیہ کے دورے پر پہنچے گیں جہاں وہ اپنے ہم منصب Moldova روانہ ہوئی ہیں۔اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وہ Moldova کے پارلیمنٹ کے ساتھ وفود سطح کی بات چیت کریں گی۔صدرجمہوریہMaia Sandu سے بھی ملاقات کریں گی۔وہ بھارتی برادری کے لوگوں سے بھی ملیں گی۔کسی بھارتی صدر Igor Grosu جائیں گی اور North Macedonia کا پہلا دورہ ہے۔صدرجمہوریہ منگل کے روز Moldova صدر کا یہ آخری مرحلے میں جمعرات کو وہ رومانیہ پہنچیں گی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہحرارت29.2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہحرارت20.9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت26.3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 34 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر41منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ